© rasailojaraid.com

سراج الدولہ کو اس کے مرحوم والد علی وردی خان نے وصیت کی تھی کہ بنگال میں انگریزوں کو قدم جمانے کا موقع نہ دینا۔ چنانچہ سراج الدولہؒ نے اپنے والد کی جگہ حکمرانی کا منصب سنبھالتے ہی انگریزوں کو اپنے علاقہ میں قلعے اور مورچے توڑ دینے کا حکم دیا اور حکم نہ ماننے کی وجہ سے حملہ کر کے کلکتہ شہر لڑائی کے ذریعے انگریزوں سے چھین لیا۔ اس کے بعد پلاسی کے میدان میں نواب سراج الدولہؒ اور انگریز فوجوں کے درمیان جنگ ہوئی جس میں سراج الدولہؒ کے سپہ سالار میر جعفر نے انگریزوں کے ساتھ سازباز کر کے سراج الدولہؒ سے غداری کی اور اس غداری کے نتیجے میں نواب سراج الدولہؒ ۲۹ جون ۱۷۵۷ء کو پلاسی کے میدانِ جنگ میں جامِ شہادت نوش کر گئے اور اس طرح فرنگی استعمار کے خلاف یہ پہلا جہادِ آزادی تھا جو نواب سراج الدولہؒ کی قیادت میں پلاسی کے میدان میں لڑا گیا مگر میر جعفر کی غداری کی وجہ سے کامیاب نہ ہو سکا۔

حج بدل کون کرے؟

سوال: عام طور پر یہ مشہور ہے کہ جس شخص نے اپنا حج کیا ہو وہی دوسرے کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے۔ کیا شرعاً یہ ضروری ہے؟

محمد سلیمان ○ لاہور

جواب: امام شافعیؒ کے نزدیک حج بدل کے لیے یہ شرط ہے کہ وہی شخص دوسرے کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے جس نے پہلے اپنا حج کیا ہوا ہو مگر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ ضروری نہیں ہے اور ان کے نزدیک وہ شخص بھی دوسرے کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے جس نے پہلے اپنا حج نہیں کیا البتہ [illegible] ج ۲ صفحہ ۲۴۳ میں فرماتے ہیں کہ اختلاف سے بچنے کے لیے بہتر یہی ہے کہ حج بدل کے لیے اسی شخص کو بھیجا جائے جس نے اپنا حج کیا ہوا ہو۔

ماہنامہ الشریعۃ گوجرانوالہ

میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں

نرخنامہ درج ذیل ہے

آخری مکمل صفحہ	فی اشاعت	پندرہ سو روپے
آخری صفحہ نصف	"	آٹھ سو روپے
ٹائیٹل اندرونی صفحہ مکمل	"	بارہ سو روپے
ٹائیٹل اندرونی صفحہ نصف	"	سات سو روپے
اندرونی عام صفحہ مکمل	"	ایک ہزار روپے
اندرونی عام صفحہ نصف	"	چھ سو روپے

- ○ دینی مدارس، اداروں اور کتب خانوں کے لیے ۱/۵ رعایت
- ○ ایک سال تک مسلسل اشاعت کی صورت میں ۱/۳ رعایت
- ○ سال میں کم از کم چار اشاعتوں کی صورت میں ۱/۵ رعایت
- ○ ٹائیٹل صفحہ ۲ پر اشتہار شائع نہیں کیا جائے گا۔
- ○ ہر انگریزی ماہ کی پندرہ تاریخ تک موصول ہونے والا اشتہار تازہ اشاعت میں شامل کیا جائے گا۔

خط و کتابت کے لیے

مینیجر ماہنامہ "الشریعۃ" گوجرانوالہ

پوسٹ بکس ۳۳۱ گوجرانوالہ فون ۲۹۴۳۰

© rasailojaraid.com